ilmkidunya
علم کی دنیا

Urdu - 5th Class Urdu Chapter 11 Short Questions Test

Q1. اللہ تعالی ایک نیکی کا بدلہ کتنے گنا زیادہ کرکے دے گا.

Ans 1: اللہ تعالی ایک نیکی کا بدلہ دس گنا زیادہ کرکے دے گا.

Q2. حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کب اور کہاں پیدا ہوئے.

Ans 1: آپ رضی اللہ عنہ 876 عیسوی میں مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے.

Q3. زوالنورین کے کیا معنی ہیں.

Ans 1: زوالنورین کے معنی ہیں دو نور والا

Q4. حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو زوالنورین کیوں کہا جاتا ہے.

Ans 1: نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی دو صاحب زاویوں کی شادی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہوئی . اس لیے آپ رضی اللہ عنہ زوالنورین کہا جاتا ہے.

Q5. حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے دور میں کون سے کام کروائے.

Ans 1: آپ نے تمام پرلوگوں کو ایک ہی قرات پر اکٹھا کیا جس کی وجہ سے آپ رضی اللہ تعالی عنہ جامع القرآن کہا جاتا ہے. اپ رضہ نے معاشی نظام میں بہتری کی. حکومتی خزانچی کا عہدہ مقرر کیا. دفاعی نظام میں اصلاحات کیں . بحری فوج قائم کی.

Q6. مدینہ منورہ کے تاجر غلے کو کیوں خریدنا چاہتے تھے.

Ans 1: مدینہ منورہ کے تاجر غلے کو اس لیے خریدنا چاہتے تھے تاکہ موقع سے فائدہ آٹھا کر غلہ زیادہ قیمت پر فروخت کرسکیں.

Q7. حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک کہاں واقع ہے.

Ans 1: آپ رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک جنت البقع میں ہے.

Q8. عشرہ مبشرہ سے کون لوگ مراد ہیں.

Ans 1: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ ساتھی ایسے بھی ہیں جن کو آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے خود جنت کی خوش خبری دی انہیں عشرہ مبشرہ کہا جاتا ہے.

Q9. حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ نے غلہ لوگوں میں مفت کیون تقسیم کیا.

Ans 1: حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ نے اجر و ثواب اب کے لیے غلہ لوگوں میں مفت تقسیم کیا. آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا اللہ تعالی ایک کے بدلے دس گنا دیتا ہے.

Q10. سخت قحط کہاں پڑا تھا.

Ans 1: سخت قحط مدینہ منورہ میں پڑا.